## بعض عناصر کراچی میں مسلح کارروائیوں کیلئے اسلحہ ذخیرہ کر رہے ہیں، رابطہ کمیٹی

## کراچی میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا فوری نوٹس لیا جائے

## کراچی کے مختلف علاقوں میں اسلحہ کا ذخیرہ کرنے کی اطلاعات پر اظہار تشویش

کراچی ۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے مختلف علاقوں میں اسلحہ کا ذخیرہ کرنے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس سازش میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اے ڈی آئی جی پی ایسٹ ڈاکٹر محمد عباس رضوی کی جانب سے ایک خط میں انکشاف کیا گیا ہے کہ کراچی میں عزیز بھٹی تھانے ، سچل تھانے اور مبینہ ٹاؤن تھانے کی حدود میں بعض عناصر مسلح کارروائیوں کیلئے اسلحہ ذخیرہ کر رہے ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے پولیس کے اعلیٰ افسر کی جانب سے کئے گئے انکشاف پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس گھناؤنی سازش کا مقصد کراچی میں قتل وغارتگری کا بازار گرم کرنا اور شہر کی معاشی ترقی کا پہیہ جام کرنا ہے اور جو عناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کر رہے ہیں وہ شہر کے کھلے دشمن ہیں ۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اعلیٰ پولیس افسر کے انکشاف کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے ،کراچی میں امن وامان کی صورتحال تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنانے کیلئے بلاتاخیر عملی اقدامات کئے جائیں اور اس سازش میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے ۔

## ایم کیو ایم یو کے کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ایسٹ لندن میں اجتماع کا انعقاد

## مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے درجنوں پاکستانی بزرگوں ،نوجوانوں اور خواتین کی ایم کیو ایم میں شمولیت

## عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیو ایم کی جانب امید بھری نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں ۔قاسم علی رضا

## پاکستان کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا ۔فیض احمد

## ایم کیو ایم یو کے کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ایسٹ لندن میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

لندن ۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے تحت جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں ایسٹ لندن میں ایک اجتماع منعقد ہوا جس میں ایسٹ لندن میں آباد مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر درجنوں بزرگوں ،نوجوانوں اور خواتین نے ایم کیو ایم کے رکنیت سازی کے فارم پر کئے اور ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا ۔قبل ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین حقوق سے محروم عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں تاکہ پاکستان میں ایک قوم کا تصور مضبوط کیا جاسکے ۔انہوں نے کہا کہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیو ایم میں شمولیت اس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف متحد ہیں اور ملک وقوم کے مسائل کے حل کیلئے ایم کیو ایم کی جانب امید بھری نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں ۔قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیو ایم ، پاکستان سے موروثی سیاست کا خاتمہ چاہتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے نہ صرف خود انتخابات میں حصہ نہیں لیا بلکہ اپنے کسی رشتہ دار کو بھی الیکشن نہ لڑا کر ثابت کر دیا ہے کہ انکے قول وفعل میں کوئی تضاد نہیں ہے ۔قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیو ایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم ہو جس میں غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بھی تعلیم ،صحت ، روزگار اور دیگر بنیادی حقوق میسر آسکیں ۔اجتماع سے ایم کیو ایم برطانیہ کے جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا ۔انہوں نے تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ پاکستان کی بقاء وسلامتی اور عوام کی فلاح وبہبود کیلئے ایم کیو ایم کا بھرپور ساتھ دیں ۔اجتماع سے ایم کیو ایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان علی مرتضیٰ ،عبدالحلیم اور ایم کیو ایم ایسٹ لندن یونٹ کے انچارج فیصل خانزادہ نے بھی خطاب کیا ۔اس موقع پر ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ریحان عباسی بھی موجود تھے ۔تقریب میں ایم کیو ایم یو کے آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد عثمان نے نظم پیش کی جبکہ نظامت کے فرائض طارق سبزواری نے ادا کئے ۔

## ایم کیوایم کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین چوہدری لاہور زون کے انچارج اور ممبران زون کمیٹی کا رکنیت سازی مہم کے سلسلہ میں ضلعی دورہ۔ایم کیوایم اعلامیہ

لاہور۔۔۔14مارچ،2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین چوہدری لاہور زون کے انچارج اور ممبران زون کمیٹی نے پنجاب میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلہ میں لاہور زون کے متعلقہ اضلاع کا دورہ کیا اور اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاہور زون کے تمام اضلاع میں رکنیت سازی مہم جاری ہے، ملک کے 98فیصد مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے عوام بڑی تعداد میں ایم کیوایم میں رکنیت سازی حاصل کررہے ہیں، انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ آنے والے دنوں میں پنجاب میں ایم کیوایم ایک اکثریتی جماعت بن کر ابھرے گی قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ پاکستان بالخصوص پنجاب کے عوام کے دلوں میں جس طرح گھر کررہا ہیں اور لوگ دھڑا دھڑ ایم کیوایم میں شمولیت کررہے ہیں، اور اب وہ وقت دور نہیں ہے جب تمام پنجاب کے عوام بھی ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوجائیں گے۔

## کوئٹہ سریاب کے بلوچ نوجوان امین اللہ بڑیچ اور JWP اسٹوڈینٹس کے سابق ضلعی صدر میر چنگیز خان بادینی کی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کوئٹہ۔۔۔14،مارچ2010ء

ضلع کوئٹہ کے علاقے سریاب سے تعلق رکھنے والے بلوچ نوجوان امین اللہ بڑیچ اور JWP اسٹوڈینٹس کے سابق ضلعی صدر میر چنگیز خان بادینی نے اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی، ایم کیوایم کوئٹہ کے آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈوکیٹ، جوائنٹ آرگنائزر ملک عمران اللہ کاکڑ اور سیکریٹری اطلاعات ملک جنگ گل کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے میر چنگیز خان بادینی اور امین اللہ بڑیچ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کے رہبرو رہنما ہیں اور ان کی ولولہ انگیز قیادت میں ملک بھر سے فرسودہ نظام کو ختم کیا جاسکتا ہے، الطاف حسین کی جدوجہد کا مقصد ملک میں جمہوریت کا فروغ، عوام کے بنیادی حقوق کی بحالی اور ملک سے کرپشن اور لوٹ مار کا خاتمہ کرنا ہے اور جناب الطاف حسین کی اسی حق پرستانہ جدوجہد سے خائف 2 فیصد استحصالی طبقہ ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈوں میں مصروف رہتا ہے اور اسے عوامی سطح پر بدنام کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن حق آنے اور باطل مٹ جانے کیلئے ہے اور ایم کیوایم کا نظریہ حق پرستی بلوچستان میں بھی تیزی سے فروغ پارہا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی نے میر چنگیز خان بادینی اور امین اللہ بڑیچ کی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان کی شمولیت کو خوش آئندہ قرار دیا۔

## سائٹ ٹاؤن کواری کالونی کی محسود، مہمند اور گلگت بلتستان برادریوں کے عمائدین اور معززین کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔14،مارچ2010ء

سائٹ ٹاؤن کواری کالونی کی محسود، مہمند اور گلگت بلتستان برادریوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین اور معززین نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت کواری کالونی میں واقع گورنمنٹ اقبال پرائمری اسکول میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان، اراکین زرین الرحمان، فیض الرحمان اور جاوید اقبال فاروقی نے بھی شرکت کی۔ ایم کیوایم میں شمولیت کرنے والے برادریوں کے عمائدین اور معززین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کے حق میں پرجوش نعرے لگائے۔ شمولیت کا اعلان کرنے والوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوموں کے حقوق کیلئے متاثر کن اور عملی جدوجہد کررہی ہے، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کے باعث ملک بھر کے غریب و مظلوم عوام میں شعوری بیداری کا عمل تیز ہورہا ہے اور ان کی قربت ایم کیوایم سے بڑھتی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم بھی آج سے ایم کیوایم کی حق پرستانہ تحریک کا حصہ ہیں اور کارکن کی حیثیت سے اس تحریک میں کام کرکے حق پرستی کے فروغ کا لازمی ذریعہ بنیں گے۔ متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے مختلف برادریوں کے عمائدین اور معززین کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کیا اور انہیں زبردست مبارکباد پیش کی۔

## پنجابی قومی تحریک کے سربراہ ڈاکٹر یوسف سلیم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور کنور خالد یونس سے ملاقات

کراچی۔۔۔14، مارچ 2010ء

پنجابی قومی تحریک کے سربراہ ڈاکٹر یوسف سلیم نے ہفتہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور کنور خالد یونس سے خورشید بیگم میموریل ہال میں ملاقات کی ۔ سیاسی و باہمی دلچسپی کے امور کے علاوہ کراچی میں آباد پنجابی برادری کے مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ شعیب احمد بخاری اور کنور خالد یونس نے ڈاکٹر یوسف سلیم کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ ملاقات میں پنجابی قومی تحریک کے مقامی رہنما بھی موجود تھے۔

## وفاقی وزیر بلدیات عبدالرزاق تھہیم کے بھائی سردار شیر دل تھہیم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تھہیم قبیلے کے سردار اور وفاقی وزیر بلدیات عبدالرزاق تھہیم کے بھائی سردار شیر دل تھہیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی دعوت اسلامی کے اجتماع میں شرکت

کراچی۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری، حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب اور ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد نے سپر ہائی وے پر دعوت اسلامی کے اجتماع میں شرکت کی ۔ اس موقع پر انہوں نے دعوت اسلامی کے رہنماؤں سے ملاقات کی اور دعوت اسلامی کے امیر الیاس قادری کا اجتماع سے درس سنا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## اہلسنت والجماعت کے مرکزی رہنما مولانا عبدالغفور ندیم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز قاتلانہ حملے میں شدید زخمی ہونے والے اہلسنت والجماعت کے مرکزی رہنماء مولانا عبدالغفور ندیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ مولانا عبدالغفور ندیم پر قاتلانہ حملے میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے ۔ رابطہ کمیٹی نے مولانا عبدالغفور ندیم کے سوگوار لواحقین اور عقیدت مندوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیو ایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے والد ملک گل زمان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے والد ملک گل زمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج اورقصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے والد ملک گل زمان اورایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن شکیل خانزادہ کی والدہ محترمہ سکینہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سہون کے علاقے لکی شاہ میں ٹرک اورو ین کے تصادم میں ہلاکتوں پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سہون سے 12 کلومیٹر دورلکی شاہ صدر میں ٹرک اورو ین کے درمیان تصادم میں 16افراد کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے تصادم کے نتیجے میں ہلاک ہونے والے کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حادثہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے حادثے میں زخمی ہونیوالے تمام افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم کی صوبائی کمیٹی نے گلگت زون کے تین سیکٹرزاور چارڈسٹرکٹس کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا

## ایم کیوایم ایک دن ضرور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر سے فرسودہ نظام کا خاتمہ کرکے دم لے گی، الطاف زیدی

## گلگت شہر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

گلگت۔۔۔14، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی نے ایم کیوایم گلگت زون کے تین سیکٹرزاور چارڈسٹرکٹس کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔یہ اعلان ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی نے گلگت شہر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں کیا۔اجلاس میں گلگت کے کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر گلگت بلتستان اسمبلی کے حق پرست رکن اسمبلی راجہ اعظم خان بھی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی نے کہا کہ ملک بھر میں حق پرستی کا فکروفلسفہ اورنظریہ تیزی سے فروغ پارہا ہے، آزادکشمیر میں حق پرست نمائندوں کی کامیابی کے بعداب گلگت بلتستان اسمبلی میں حق پرست عوامی نمائندے کا اسمبلی میں ہونا گلگت بلتستان کے غریب ومتوسط طبقے کی فتح ہے اورایم کیوایم ایک دن ضرور گلگت بلتستان سمیت ملک بھر سے فرسودہ نظام کا خاتمہ کرکے دم لے گی۔الطاف زیدی نے گلگت زون کے تین سیکٹرزاور چارڈسٹرکٹس کے نومنتخب عہدیداروں کومبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے تنظیمی فرائض پوری دیانتداری اوراحساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔

☆☆☆☆☆